45177-خاوند بیوی میں سے کسی کو بھی دوسرے کی مرضی کے بغیر مانع حمل جائز نہیں

سوال

ایک عورت نے لیڈی ڈاکٹر سے اپنے خاوند کی اجازت کے بغیر اس دلیل کی بنا پر مانع حمل دوائی طلب کی کہ اس کے خاوند نے دوسری شادی بھی کر رکھی ہے اور اس سے اولاد بھی ہے، اور وہ خود ابھی یونیورسٹی کی طالبہ ہے کیا لیڈی ڈاکٹر کے لیے اسے مانع حمل دوائی لکھ کر دینی جائز ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

اس عورت کے لیے اپنے خاوند کی رضامندی کے بغیر مانع حمل دوائی لینی حرام ہے، کیونکہ اولاد خاوند اور بیوی دونوں کا مشترکہ حق ہے، اسی لیے علماء کرام کا کہنا ہے کہ بیوی کی رضامندی کے بغیر خاوند اپنی بیوی سے عزل نہیں کر سکتا اجازت کے بغیر حرام ہوگا۔

عزل یہ ہے کہ جماع کے وقت انزال شرمگاہ کے باہر کیا جائے تاکہ عورت کو حمل نہ ٹھرے، لیکن اگر خاوند اور بیوی دونوں مانع حمل گولیاں کھانے پر متفق ہوں تو جائز ہے، کیونکہ یہ دوائی عزل کے مشابہ ہے، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین عزل کیا کرتے تھے۔

جابر رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ : ہم عزل کیا کرتے تھے اور قرآن مجید کا نزول ہو رہا تھا"

یعنی اگر عزل کرنا منع ہوتا تو قرآن مجید اس سے روک دیتا، لیکن یہ گولیاں نہیں کھانی چاہییں کیونکہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش کے خلاف ہیں اس لیے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو اپنی امت کی کثرت چاہتے تھے، اور گولیاں کھانے سے حمل نہیں ٹھرتا، لیکن عزل ایک طبعی اور نیچرل ہے ہوسکتا ہے کوئی قطرہ حمل کا باعث بن جائے۔

میں آپ سے عرض کرونگا کہ ان گولیوں کی اصل یہود اور دوسرے مسلمان دشمن لوگ ہیں جو مسلمانوں کی نسل کشی کرنا چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کی اولاد کم ہو اور یہ امت مسلمہ افرادی قلت کا شکار ہو کر دوسروں کی محتاج ہو کر رہ جائے، اس لیے کہ افرادی قوت جتنی کم ہوگی اسی اعتبار سے پروڈکشن میں بھی کمی ہوگی، اور جتنی تعداد زیادہ ہوگی پروڈکشن بھی بڑھے گی۔

اور یہ چیز زراعت و صنعت حرفت
اور تجارت بلکہ ہر چیز میں ہے، اگر امت آج زیادہ ہو تو کا رعب و دبدبہ ہوگا چاہے وہ
صنعت و حرفت میں پیچھے ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ افرادی قوت سے دشمن مرعوب ہوتا ہے.

اس لیے ہم مسلمانوں سے اپیل کرتے ہیں
کہ وہ اپنی افرادی قوت کو بڑھانے کے لیے کثرت اولاد پر عمل کریں چاہے حالات کیسے
بھی پیدا ہوں، لیکن اگر عورت کی کمزوری یا بیماری وغیرہ یا پھر آپریشن کے بغیر بچہ
پیدا ہی نہیں ہوتا تو یہ ضروریات ہیں جن کا خیال رکھنا ضروری ہے.

اور پھر ضروریات و حاجات کے کچھ
احکام ہیں" اھ

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ.

دیکھیں: فتاوی المراۃ المسلمۃ (2/
556).

مزید آپ سوال نمبر (
21169) کے جواب کا مطالعہ ضرور
کریں.

لہذا جب یہ دوائی اور گولیاں کھانا
حرام ہیں تو پھر اس سلسلہ میں اس عورت کا تعاون کرنا بھی حرام ہوگا.

کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان
ہے:

{اور تم نیکی و بھلائی کے کاموں میں
ایک دوسرے کا تعاون کرتے رہو، اور برائی و گناہ اور ظلم و زیادتی میں ایک دوسرے کا
تعاون مت کرو} المآئدۃ (2).

واللہ اعلم.